جمعہ کی سنت قبلیہ کا ثبوت

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1137

تاریخ اجراء: 09 ربیع الاول 1444ھ /06 اکتوبر 2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جمعہ کے فرض سے پہلے جو سنتیں پڑھی جاتی ہیں، اس کے متعلق زید یہ کہتا ہے کہ یہ سنتیں حدیث سے ثابت نہیں ہیں، کیا اس کی یہ بات درست ہے؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جمعہ سے پہلے اور بعد والی سنتیں پڑھنا ثابت ہے، ان سنتوں کے متعلق یہ کہنا کہ یہ سنتیں احادیث سے ثابت نہیں ہیں، غلط ہے۔ چنانچہ

سنن ابی داود میں ہے "عن نافع، قال: «كان ابن عمر يطيل الصلاة قبل الجمعة، ويصلي بعدها ركعتين في بيته، ويحدث أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يفعل ذلك» "ترجمہ: حضرت نافع رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے، فرمایا: حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما جمعہ سے پہلے نماز کو طویل کرتے اور جمعہ کے بعد اپنے گھر میں دو رکعات ادا کرتے اور بیان فرماتے کہ اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم اس طرح کیا کرتے تھے۔ (سنن ابی داود، تفریع ابواب الجمعۃ، ج01، ص294، بیروت)

علامہ نووی علیہ الرحمۃ خلاصۃ الاحکام میں اسے درج کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "صحيح، رواه أبو داود بإسناد على شرط البخاري. "ترجمہ: یہ روایت صحیح ہے۔ اسے ابو داود نے ایسی سند سے روایت کیا ہے، جو امام بخاری کی شرط کے مطابق ہے۔ (خلاصۃ الاحکام، باب الصلاۃ قبل الجمعۃ، ج02، ص813، موسسۃ الرسالۃ، بیروت)

سنن ابن ماجہ میں حدیث پاک ہے: "عن ابن عباس، قال: كان النبي صلى الله عليه وسلم: «يركع قبل الجمعة أربعا، لا يفصل في شيء منهن "ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے فرض سے پہلے چار رکعتیں ادا کرتے اور ان کے چار رکعتوں کے مابین فاصلہ نہ

کرتے(یعنی یہ چار رکعتیں ایک سلام کے ساتھ ادا فرماتے)۔(سنن ابن ماجه، جلد01، صفحه358، مطبوعه: دار الاحياء الكتب العلمية، بيروت)

علامہ زین الدین العراقی اس کے متعلق لکھتے ہیں:"والمتن المذكور رواه أبو الحسن الخلعي في فوائده بإسناد جيد من طريق أبي إسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي - رضي الله عنه - عن النبي - صلى الله عليه وسلم -"ترجمہ: میں کہتا ہوں: اور مذکورہ متن کو ابو الحسن الخلعی نے اپنے فوائد میں سند جید کے ساتھ یعنی ابو اسحاق سے انہوں نے عاصم بن ضمرہ سے، انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ سے اور انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا ہے۔(طرح التثریب فی شرح التقریب، ج03، ص42، دار الفکر العربی)

مصنف عبد الرزاق میں ہے"عن أبي عبد الرحمن السلمي قال: كان عبد الله يأمرنا أن نصلي قبل الجمعة أربعا، وبعدها أربعا"ترجمہ: ابو عبد الرحمن السلمی سے مروی ہے کہ فرمایا: حضرت عبد اللہ (ابن مسعود) رضی اللہ تعالی عنہ ہمیں جمعہ سے پہلے چار اور جمعہ کے بعد چار رکعات ادا کرنے کا حکم دیتے تھے۔(مصنف عبد الرزاق، کتاب الجمعة، باب الصلاة قبل الجمعة وبعدها، ج03، ص247، الهند)

الدرایۃ فی تخریج الہدایۃ میں اس کے متعلق ہے"وأخرج عبد الرزاق عن ابن مسعود أنه كان يأمر بذلك ورواته ثقات"ترجمہ: اور عبد الرزاق نے روایت کیا ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ جمعہ سے پہلے چار رکعتوں کا حکم دیتے تھے۔ اور اس کے راوی ثقہ و معتبر ہیں۔(الدراية فی تخريج الهداية، ج01، ص218، دار المعرفة، بيروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net